Well, he has some truth there. People are not as hard working as their potential promises. But I am still convinced that if Pakistan gets sincere stable leadership it will go a long way in supporting people to produce more. Are not we, the expatriate Pakistanis, from the same stock? Yet, here we work hard enough, waste not, and are competitive with the best of Canadians and Americans! That is why I am prone to blame the leadership more than the 'awam' for the malaise.

I have learned of some interesting developments in the land that "house Islam's holiest shrines." The ordinary Saudis are finally beginning to merge in their common opposition to the inefficient, west-serving, Saudi brats. They are getting better organised as each day passes.

As you probably know, everybody in the kingdom seems to live in post office boxes. And if you do not believe me try to get in touch with anyone there. You will find out! Lately, in these post boxes the commoners have been receiving mail from splinter opposition groups within the kingdom. This was unheard of until last year. (Of course the media, newspapers and television, is heavily censored.) Such mail campaigns were noticed by all at a certain institution of learning in the kingdom on the eve of visit of J. William Fulbright, the former Chairman of Senate Foreign Relations Committee and now a registered lobbyist. The same thing happened when Prince Naif, the deputy Defence Minister visited the institution.

You may be amazed to know that outside of the Communist bloc of nations Saudi Arabia is the only country of the world where her citizens cannot gather to preach, learn or discuss their religion. No *Tafsir*, or *Tabligh* is allowed in the land of Mecca and Medina! The ruling clique of princelings will not be allowed to suck the wealth of their holy land for long.

And finally, before turning in this final column I must wish a very happy *Eid al Fitr* to you and yours. Please remember to pray for a sound and healthy army-proof Pakistan and Saudi-proof Southern Arabia. And a prosperous new *Crescent International*. □

Fortnightly AL-HILAL

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario, Canada M2H 2P6 (416)493-4374

VOL.9, NO.10 AUGUST 1, 1980

پندرہ روزہ الہلال ٹورنٹو، کینیڈا

طائف میں صدر ضیاء اور شاہ خالد کے مذاکرات

طائف میں صدر کا پرتپاک خیر مقدم ۔ شاہ خالد اور ولیعہد شہزادہ فہد نے بغلگیر ہو کر گرمجوشی سے استقبال کیا ۔ شاہی محل میں ضیافت ۔ عراق ایران کی صورتحال ، افغانستان اور عالم اسلام کو درپیش مسائل پر بات چیت

صدر مذاکرات کے بعد عمرہ کیلئے مکہ مکرمہ پہنچ گئے

آج مدینہ منورہ جائیں گے ۔ شام کو وطن واپس آ جائیں گے



شاہ خالد



صدر ضیاء

تہران میں سب سے بڑی اسلامی یونیورسٹی قائم کی جائے ۔ خمینی

صدر ضیاء اور کرنل قذافی کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات میں سیاسی

لیبیا اور پاکستان میں تعاون مزید بڑھے گا ۔ پاکستانی حکام اسلام کیلئے پرخلوص ہیں

بھارت نے بنگلہ دیش سے ملنے والی بڑی شمالی سرحد بند کردی

آسام میں ہزاروں مظاہرین سرکاری دفاتر پر دھرنا دیکر بیٹھ گئے

آنتوں کی سوزش سے مزید ۲ بچے ہلاک ۔ تعداد ۱۳ ہوگئی

ایک سو بچے اسپتال لائے گئے ، دو ماہ پہلے پیرا میڈیکل ایسوسی ایشن کا اظہار تشویش



انڈونیشیا اور ملائشیا اسلام دشمن پروپیگنڈہ کی بیخ کنی کیلئے مشترکہ اقدامات کرینگے

سرکاری سطح پر مشنری قائم کی جائے گی ، دیگر اسلامی حکومتوں کو بھی شامل کیا جائے گا ۔

ایران نے بھی ہلال احمر کا نشان اپنا لیا

زندگی کا ڈیکلریشن بحال کردیا گیا !

نظام زکوٰۃ پر تنقید کے بجائے اس کی خامیاں دور کرنے کی کوشش کی جائے۔ میاں طفیل محمد

ریڈ کریسنٹ ملتان نے میاں طفیل محمد کو ایک لاکھ روپے کا چیک پیش کیا

ایاز خان کو وائس چیف آف ائر اسٹاف بنا دیا گیا

امریکہ کے پاکستانی ڈاکٹر ملک کے طبی اداروں کو پیشہ ورانہ مہارت فراہم کریں گے

میجر جنرل اسید قادر کو لیفٹیننٹ جنرل بنا دیا گیا

مسلم دنیا کے تحفظ کیلئے اسلامی ذرائع ابلاغ کا فروغ ضروری ہے۔ معظم علی

مزارِ غزنوی سے ایک آواز

ایک ہزار سال سے
کہر اور دھوپ کی بستی موسموں میں
میری آنکھیں ہندوکش اور کوہ سلیمان پر نگراں ہیں
غزنی سے ہرات تک
میں ہر منظر، ہر گھر میں ہوں
مجھے کبھی موت نہیں
کہ میں ایک خاکی وجود ہی نہیں
ایک جادوئی لفظ میں زندہ ہوں
ہر سننے والے کے دل پر
میں یہ لفظ رقم کرتا ہوں

میں ہر اس شخص کے دل میں زندہ ہوں
جس نے قدموں کی چاپ کبھی وادیِ ہلمند سے سنی ہے
جس نے کابل کے پیالے میں پانی پیا ہے
میں ازل تک جیوں گا
جب تک دریائے آمو میں پانی رہے گا

وہ بہت سے قبیلے نہیں، ایک ہی قبیلہ ہیں
وہ میرا قبیلہ ہیں
میں ان کا سردار ہوں
ان کے ہاتھ میرے ہاتھ ہیں
ان کے سینوں میں میرا دل دھڑکتا ہے
میں ان کے [illegible] اور آئینوں میں ہوں
وہ سب میری تلواریں ہیں
ان کے قدموں میں میری بے قراری ہے
میں اپنی امنگیں ان میں بانٹتا ہوں
مجھ سے وعدہ کیا گیا ہے
کہ میرے بیٹے کبھی غلامی قبول نہ کریں گے
میں غزنی کا محمود ہوں
یہ وادیاں میری کلاہ ہیں
تا ابد ان پہ میری حکمرانی رہے گی
اور سارا بھید اس ایک لفظ میں ہے

وہ سر جھکا کر چلتے تھے
اور کل کے اندیشے میں گرفتار تھے
وہ یکایک دلوں پہ لیٹنے والی بلا سے ڈرتے تھے
پھر یہ لفظ ان پر منکشف ہو گیا
ان کے دل نور کی بارش میں نہا گئے
اور ان کی روح میں سرفراز ہو گئیں
میں نے انہیں جہاد کے لیے پکارا
یہ جہاد ہی تھا
کہ شجاعت ہمیشہ کے لئے ان کی رفیق ہو گئی
جہاد نے ان کی زبانوں کو گویائی بخشی
ان کی ہتھیلیوں کو تلواریں عطا کیں
اور وہ ستاروں سے شکار کرنے لگے
ان کی زمین ہمیشہ کے لئے مقدس ہو گئی
اور اس زمین کو معجزہ عطا ہوا
کہ درندے ان کی بستیوں پہ غالب نہیں آ سکتے
وہ ہمیشہ شکست کا زخم لے کر رخصت ہوں گے
انہیں اس زمین سے نکال دیا جاتا ہے
جیسے عبادت گاہ سے پلید جانور کو
کیا وہ یہ بھول گئے تھے
کہ وہ سوئی ہوئی بستیوں پر یلغار کر رہے تھے
انسان کی وحشت
آباد گھروں کو چاٹ لے گی
یہ جیسے ممکن ہے
کہ میں اپنے بیٹوں کے ساتھ ہمیشہ جاگتا رہتا ہوں
میں ہر مورچے میں ہوں
اور کوئی دل نہیں جہاں ہر بندوق میرا ہاتھ ہے

میں غزنی کا محمود ہوں
یہ وادیاں میری ہیں
انہیں کوئی مجھ سے نہیں چھین سکتا
اور سارا بھید ایک لفظ میں ہے

حرفِ ناتمام

ہارون الرشید

جب تک ان وادیوں میں ہوا رہے گی
اور جب تک کوہ سفید پر برف گرتی رہے گی
یہ مجھ پر اس کی عنایت ہے
جس کی حمایت کو زوال نہیں
یہ وہ انعام ہے
جو ستاروں کو چمک عطا کرنے والے رب نے
مجھے بخشا اور لافانی کر دیا

میں ایک فانی آدمی تھا
پھر اس لفظ نے میرے دل میں اجالا کیا
اور میں نے یہ روشنی وادیوں میں بکھیر دی
کہ جیسے برف بلندی پر پگھلتی
اور میدانوں میں پھول اگا دیتی ہے
تب ہواؤں نے مجھے خبر دی
کہ میں ایک شخص نہیں، ایک سپنا ہوں
جو سیکڑوں برس پہاڑ دیکھتے رہے
حتیٰ کہ یہ خواب مجسم ہو گیا

میں محمود ہوں، غزنی کا محمود
میں وہ ترک زادہ ہوں
تاریخ جسے پشتون کہتی ہے
میں ہمیشہ افغانیوں کے دلوں میں رہوں گا
ان کی وادیاں میری ہیں
کہ تا ابد ان پہ میری حکمرانی رہے گی

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

پاکستانی کو تعلیم یافتہ، ۳۰ سالہ مطلقہ خاتون، مقیم ٹورانٹو کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ امیدوار کی عمر ۳۸ سال سے زائد نہ ہونا ضروری ہے۔

(416)245-2964

•

ایک جوان سال، کینیڈین سٹیزن، زیر تعلیم لڑکی کے لیے، خوش شکل پاکستانی، سنت الجماعت، میڈیکل طالب علم کا رشتہ درکار ہے۔

A. Q. C/o CRESCENT

•

کراچی کے پنجابی خاندان کی تعلیم یافتہ دوشیزہ، عمر ۲۳ سال، ملازم، سنت الجماعت، صوم و صلوۃ کی پابند، گلشن اقبال سوسائٹی میں [illegible] کی مالک، ایجوکیٹیڈ، میڈل یافتہ کے لیے شریف خاندان کے برسر روزگار لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکا خواہ یہاں رہتا ہو یا پاکستان میں۔ خواہشمند اصحاب پتہ پر لکھیں۔

M.A. C/O CRESCENT
33 KEMPSELL CRES
WILLOWDALE, ONT.
CANADA
M2J 226

درس قرآن مجید

محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب اس سال پھر ٹورانٹو تشریف لا رہے ہیں۔ موصوف کا درس ٹورانٹو کی جامع مسجد میں ۲۴ تا ۲۹ اگست اور یکم تا ۱۱ ستمبر ۸۰ء روزانہ بعد نماز مغرب اور ہفتہ و اتوار کو بعد نماز ظہر ہوگا۔ اہل ایمان خواتین و حضرات سے درخواست ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور درس قرآن سے فیض حاصل کریں۔

نوٹ

قارئین نوٹ فرمالیں کہ اس اخبار کا پچھلا شمارہ حسب ذیل تاریخ کو ڈاک کے حوالے کیا گیا تھا۔ اگر آپ کو اخبار دیر سے ملتا ہو تو اپنے علاقے کے پوسٹ آفس سے شکایت کیجیے۔

331376
17 VII 1980
DON MILLS
ON

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ [illegible] ڈالر [illegible] پیشگی ادائیگی ضروری ہے)

آپ کے خطوط

بارہ گھنٹے کا روزہ قطبین کے مسلمانوں کیلئے

محترم ایڈیٹر،
آپ کا اخبار کافی عرصے سے پڑھ رہا ہوں اور اس کے معیار و اسلام کی خدمت کے انداز کا تہ دل سے معترف ہوں۔ [illegible]

[illegible]

ان تمام باتوں سے دماغ میں سوال اٹھا کہ اسلام اپنے ماننے والوں پر کسی بھی صورت میں [illegible] حالت میں اسی تعلیمات و احکام کیا ہیں۔ [illegible] قرآن حکیم، حدیث و سنت اور اجماع و اجتہاد کو دیکھئے۔ [illegible]

• [illegible]

[illegible]

(اقتباس: [illegible])

[illegible]

(ڈان ملز)

قاضی ظریف احمد (سینٹ کیتھرین)

کلمہ اور مسلمان

ہمارے مسلمان جب عربی لفظ "معاہدہ" (CONTRACT) سے بخوبی واقف ہیں۔ ہم جب پیدائش سے لے کر موت تک مختلف معاہدات سے سابقہ پڑتا رہتا ہے۔ کبھی ہم اپنی مرضی کے خلاف معاہدے کی پابندی کرتے ہوتے ہیں اور کبھی اپنی مرضی سے۔

معاہدہ کا سلسلہ انسان کی پیدائش کے ساتھ شروع ہو جاتا ہے۔ یعنی جس گھر میں وہ پیدا ہوتا ہے اس کے ماحول کی زبان کی، رسم و رواج کی اور طور طریقوں کی اس کو پابندی کرنی ہوتی ہے۔ اگر وہ ان سے انحراف کرے یعنی دوسرے الفاظ میں معاہدے کی پابندی نہ کرے تو معاہدے کی معمولی شرائط پر اس کو تنبیہ کر کے چھوڑ دیا جاتا ہے یا تھوڑی بہت سزا دی جاتی ہے۔ لیکن اگر وہ معاہدہ کی بنیادی شرائط کو توڑتا ہے تو اسے گھر سے نکال دیا جاتا ہے اور بعض اوقات برادری سے بھی باہر کر دیا جاتا ہے۔

اسی پیدائشی معاہدہ میں حکومت وقت کے ساتھ اس کی مرضی کے خلاف معاہدہ ہو جاتا ہے۔ جس کے تحت حکومت کے قوانین کی پابندی کرنی پڑتی ہے۔ اور معاہدہ کی خلاف ورزی پر سزا ملتی ہے۔

جب انسان بالغ ہو جاتا ہے تو اپنی مرضی سے زندگی میں مختلف زبانی اور تحریری معاہدات کرتا ہے۔ ہر معاہدہ کی چند بنیادی شرائط ہوتی ہیں جن سے انحراف یا پابندی نہ کرنے پر معاہدہ ختم ہو جاتا ہے۔ ہر معاہدہ تحریری شکل میں ہوتا ہے اور اس سے انحراف معاہدہ کی منسوخی ہوتا ہے۔

اسی طرح جب آپ کلمہ پڑھتے ہیں تو گویا معاہدہ کرتے ہیں۔ یہ معاہدہ آپ کے اور اس ذات پاک کے درمیان ہوتا ہے جس نے آپ کو اور اس کائنات کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کے ساتھ معاہدہ کرنے کے بعد آپ کیسے بھاگ نہیں سکتے۔ اس معاہدہ کی شرائط قرآن شریف کی شکل میں اور اللہ کے بھیجے ہوئے پیغمبر کی زندگی کے نمونہ میں تحریری شکل میں موجود ہیں۔ ہر معاہدہ کی طرح اس معاہدہ کی بھی چند بنیادی شرائط ہیں جن کی تکمیل نہ کرنے پر معاہدہ منسوخ ہو جاتا ہے۔ اور بہت سی ذیلی شرائط ایسی ہیں جن کی پابندی نہ کرنے پر معاہدہ تو برقرار رہتا ہے البتہ اس کی سزا مقرر ہے۔

کسی بھی معاہدہ سے پہلے معاہدہ کی شرائط کا اچھی طرح سمجھنا ضروری ہے۔ لہذا جب آپ کلمہ پڑھیں تو اس کی شرائط پر بھی غور کریں جو کہ ہر لحاظ سے آپ کا فرض ہے۔ جب آپ اس کی تمام شرائط سمجھ جائیں تب آپ اس پر دستخط کریں۔ یعنی کلمہ پڑھیں۔

لیکن ہوتا یہ ہے کہ ہماری بڑی تعداد کلمہ پڑھ کر اللہ کے ساتھ معاہدہ میں تو شامل ہو جاتی ہے مگر کسی کو اس کا احساس نہیں کہ وہ معاہدہ کی بنیادی شرائط سے منحرف ہو گئے ہیں۔ چنانچہ ان شرائط کی پابندی نہ کرنے پر معاہدہ ختم ہو جاتا ہے اور وہ مسلمان نہیں رہ جاتے۔

اس معاہدہ میں پہلے بھی بہت سی قومیں شامل ہوئی تھیں اور اب بھی سمجھتی ہیں کہ معاہدہ برقرار ہے۔ حالانکہ معاہدہ کی بنیادی شرائط سے انحراف نے معاہدہ منسوخ کر دیا ہے۔ لیکن وہ قومیں ابھی تک اپنے آپ کو دھوکہ دے رہی ہیں۔

آج ہماری بھی بالکل یہی حالت ہے۔ یہودیوں کی طرح ہم بھی سمجھتے ہیں کہ ہم اللہ کی سب سے چہیتی قوم ہیں۔ یعنی زندگی میں ایک بار کلمہ پڑھ لیا تو گویا جنت کے حقدار ہو گئے۔ عیسائیوں کی طرح ہمارا بھی یہی خیال ہے کہ حضورؐ قیامت کے دن سفارش کر کے معاف کروا لیں گے۔ اور پھر جنت کے مزے لوٹیں گے۔ مشرکوں کی طرح ہمارا خیال ہے کہ فلاں بزرگ کی نذر و نیاز کرو، فلاں قبر پر چادر چڑھاؤ وغیرہ وغیرہ۔ پھر جنت ان کے لیے وقف ہے۔

غرض ہم معاہدے کی بنیادی شرائط سے انحراف کرتے ہیں اور پھر بھی دعوی کرتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں۔ مثلاً ہم سوشلزم، کمیونزم، کیپٹل ازم وغیرہ پر یقین رکھتے ہیں اور اسلام کو فرسودہ نظام قرار دیتے ہیں۔ پھر بھی دعوی ہے کہ ہم مسلمان ہیں! نماز کے ہم پابند نہیں، روزہ ہم رکھ نہیں سکتے، زکوۃ ہم دے نہیں پاتے، پھر بھی دعوی ہے کہ ہم مسلمان ہیں! کتنے ہی گھرانے ہیں جن کا لباس، آداب، ماحول، مشاغل، عادات و اطوار سب کچھ غیر مسلموں کی طرح ہے لیکن نام چونکہ عبدالغفور، احمد اور محمد ہے لہذا دعوی ہے کہ ہم مسلمان ہیں!

اب آپ ہی بتائیے کہ معاہدہ کی بنیادی شرائط کو توڑ کر، قرآن کو چھوڑ کر، مسلمان صحیح معنوں میں مسلمان ہی کب رہا ---؟

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبار عنوان)

تغافل

یہ طرزِ تغافل ہے سو وہ اُن کو مبارک
اک عرضِ تمنا ہے سو ہم کرتے رہیں گے
— فیض احمد فیض

•

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک
— غالب

•

ان کا تغافل ان کی توجہ
اک دل میں پیدا کیے ہنگامے
— ادا جعفری

•

ہائے دل، مجھ سے پھر جہد تغافل کے مزے
پھر بھلا دیجیے مجھ کو پھر بے خبر ہو جائیے!
— غلام ہمدانی تاباں

•

دل نوازی بھی کرتے ہیں نصرت احمد
ہر تغافل پہ ہو [illegible]
— روشن صدیقی

•

میں کس کو بات ... تمام دوں جواب
آخر تو رہ گیا ہوں جھک کے نظر کو میں
— مجروح سلطانپوری

یہ غزل ادارہ کریسنٹ کی جانب سے شائع ہونے والے شمالی امریکہ کے شعرائے اردو کے انتخاب کلام "بازگشت" سے لی گئی ہے۔

غزل

ہر تعلق بہہ گیا ہے وقت کے سیلاب میں
بن گیا ہوں اجنبی میں حلقۂ احباب میں

سخت جاں ہیں ہم بگولوں سے ابھی جنگ آزما
جلنے والے جل گئے ہیں سایۂ مہتاب میں

اپنے آنچل کو ہٹا لو، تو نہ دے جائیں کہیں
چند قطرے بچ رہے ہیں دیدۂ خوں ناب میں

اب بھی نشتر ٹوٹتے ہیں دل میں تیری یاد کے
کچھ کمی آئی نہیں ہے جذبۂ بے تاب میں

جانتے شاید نہیں یہ دورِ نو کے اہلِ دل
سر فروشی بھی ہے شامل عشق کے آداب میں

ڈالتی ہے زندگی چاروں طرف ایسی نگاہ
ناخدا جیسے گھرا ہو حلقۂ گرداب میں

اپنی قسمت میں کہاں ہے سایۂ ابرِ بہار
سارا گلشن جل گیا ہے موسمِ شاداب میں

حسرتِ گریہ میں آنسو تک نہیں نکلے امام
آگ یہ کیسی لگی ہے چشمِ بے آب میں

— حسین امام (واشنگٹن)

روزن دیوار سے
عطاء الحق قاسمی

آ گیا اقبال لڑائی میں!

ہمارے کچھ دوست اقبال کو [illegible] اس لیے شاعر نہیں مانتے کہ ان کو شاعری سے [illegible] نہیں تھا۔ ہمارے یہ دوست اقبال کے کلام میں زبان و بیان کی غلطیاں نکال نکال کر [illegible] اس ضمن میں اقبال کو [illegible] کیا کرتے تھے۔ [illegible] کرتے تھے کہ ان کی [illegible] اقبال کو شاعر [illegible] چنانچہ [illegible] کی وجہ سے اقبال کو [illegible] کر دیتے تھے۔ لیکن اب حضرت [illegible] ہے اب ہم نے اپنے ان دوستوں [illegible] تسلیم کر لیا ہے اور [illegible] اقبال کا جو [illegible] آ جائیں گے۔

ہم نے کہا "[illegible]" ہے۔ لیکن اس میں کیا خرابی ہے؟ [illegible] اور فرمایا "[illegible]" [illegible] آئی۔ اسے خیال [illegible] ہم نے کہا [illegible] اقبال صاحب [illegible] لاحول ولا قوۃ! ظاہر ہے اس غلطی سے [illegible] چنانچہ [illegible] اس سلسلے میں [illegible] ہے۔ [illegible]

[illegible] یہ دوست ہمارا اشارہ پا کر پہلے سے زیادہ [illegible] ہیں اور اب انہوں نے اعتراض کرنے [illegible] مثلاً انہیں اقبال کے اس شعر سے

یہ کائنات ابھی نا تمام ہے شاید
کہ آ رہی ہے دما دم صدائے کن فیکوں

[illegible] شاعری نہیں ہے۔ [illegible] "دما دم" جیسے الفاظ شعر میں استعمال [illegible] اسے پورے شعر میں [illegible] لیکن [illegible] اچانک یاد آیا کہ ہم تو خود اقبال کی لسانی غلطیوں کے قائل [illegible] اچھے الفاظ [illegible] جواب میں "مسجد قرطبہ" بھی پوری سنا ڈالی [illegible] معتبر شاعرانہ [illegible] مثال ہے۔

البتہ [illegible] ایک زمانہ [illegible] ہم [illegible] اقبال کے ہاں اگر کہیں شاعری موجود ہے تو وہ ان کے ابتدائی کلام میں ہے۔ [illegible] غزل کہتے تھے۔

وہ آتے ہیں اس میں [illegible] کیا تھی
[illegible] کرتے ہوئے عار کیا تھی
تمہارے پیامی نے سب راز کھولا
خطا اس میں بندے کی سرکار کیا تھی
[illegible] بزم میں اپنے عاشق کو تاڑا
تری آنکھ مستی میں ہشیار کیا تھی

لیکن بعد میں انہوں نے یہ [illegible] اور بیکار شاعری شروع کر دی۔ [illegible] بہت اچھا شاعر تھا جو خراب ہو گیا۔

اقبال کی اس سرپرستی سے ہم نے جو [illegible] تو اس کی [illegible] ہم [illegible] کہا "[illegible]" ہم بھی اقبال کے کلام میں موجود زبان و بیان کی غلطیاں [illegible] کی سفارش کیا کرتے تھے۔ [illegible] لیکن اب [illegible]

کیا ہے [illegible] وہ مصرعہ نہیں سنا۔ "آ گیا عین لڑائی میں اگر وقتِ نماز"۔

فیض احمد فیض کی کینیڈا میں آمد

جناب فیض احمد فیض اور بیگم ایلس فیض اکتوبر ۱۹۸۰ء کے وسط میں تقریباً دو ہفتوں کے لیے کینیڈا تشریف لا رہے ہیں۔ ابتدائی قیام ٹورانٹو میں ہو گا۔ ان کے قیام کے دوران ادبی اور ثقافتی محفلوں کے انتظامات کی تیاری پاکستان کلچرل کنسلٹنگ سروسز نے انجمن اردو کینیڈا اور دیگر ثقافتی اداروں اور جناب فیض کے مداحوں کے تعاون سے شروع کر دی ہے۔ منتظمین کی یہ کوشش ہے کہ فیض کا خیر مقدم ان کے شایان شان ہو اور اس دیار غیر میں ایک عظیم شاعر کو خاطر خواہ خراج تحسین پیش کیا جائے۔

اس سلسلے میں منعقد ہونے والی تمام محفلوں، نشستوں اور دیگر سرگرمیوں کی تفاصیل جلد از جلد شائع کر دی جائیں گی۔ توقع ہے کہ فیض صاحب اور بیگم فیض کا قیام ۱۷ اکتوبر سے یکم دسمبر تک ہو گا۔

برصغیر کی ادبی میراث سے دلچسپی رکھنے والوں سے منتظمین کی درخواست ہے کہ وہ اکتوبر کے وسط و آخر کو فیض کی محفلوں میں شرکت کے لیے انتظار رکھیں اور کوشش کریں کہ دوسرے علاقوں سے اپنے دوست احباب کو بھی ان محفلوں میں شرکت کے لیے آمادہ کریں۔

پاکستان کلچرل کنسلٹنگ سروسز آپ سے مکمل تعاون اور اعتماد کی توقع رکھتی ہے۔

مزید تفصیلات کے لیے فون کیجیے:

الوراحمد: (416)276-1739



ہارون اشفاق (مونٹریال) - محمد روشن شاہ

پندرہ روزہ
البلال
سوڈرنڈ لینڈ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۔

سنو! جو لوگ اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے

ہماری بھی عاجزانہ التجا ہے

صدر ضیاء الحق نے بہت اچھا کیا کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز کے [illegible] کی طرف سے ان کے اعزاز میں دیے جانے والے عشائیے کے حوالے سے سنسر شپ اٹھانے [illegible] کی بات جس خوش گمانی کا اظہار بعض حلقوں کی طرف سے کیا جا رہا تھا، اس کا ازالہ [illegible] دو ٹوک الفاظ میں اعلان کر دیا کہ سنسر برقرار رہے گا اس میں نرمی کا کوئی ارادہ [illegible] فیصلے کی دلیل انہوں نے یہ بیان فرمائی ہے کہ متعدد افراد نے آپ سے رابطہ قائم [illegible] درخواست کی ہے کہ سنسر شپ میں نرمی نہ کی جائے جبکہ بعض نے تو یہ تجویز کی التجا کی ہے [illegible] کے واسطے سنسر برقرار رکھا جائے اور بقول صدر ضیاء الحق یہ وہ حضرات ہیں جن کی دیانت [illegible] اور حب الوطنی شک و شبہ سے بالاتر ہے۔

ہم تو صدر کے اس بیان کو چیلنج کر سکتے ہیں کہ التجا کرنے والوں نے ان سے [illegible] سنسر شپ برقرار رکھنے کی درخواست کی ہے اور نہ ان کے فیصلے کے اختیار پر حرف رکھ سکتے [illegible] ہیں کہ اخبارات پر پابندی لگانے کا اختیار انہیں حاصل ہے اور اس اختیار کو استعمال کرتے ہوئے [illegible] انہوں نے پابندی عائد کی ہے مگر ایک عاجزانہ التجا ہماری بھی ہے اور امید ہے کہ وہ اس پر غور [illegible] فرمائیں گے۔ وہ یہ کہ پابندی تو آپ نے لگا دی البتہ اس پابندی پر عمل درآمد کا اختیار آپ نے ان [illegible] لوگوں کو سونپ رکھا ہے جنہوں نے قومی اخبارات کے قومی کردار کو ختم کر کے انہیں صوبائی حیثیت [illegible] دی ہے۔ ایک خبر پنڈی کے سنسر کی نظر میں قابل اعتراض ہوتی ہے مگر لاہور کا سنسر اس کی [illegible] اشاعت میں کوئی قباحت محسوس نہیں کرتا۔ اسی طرح لاہور یا کراچی میں جو مواد قابل اعتراض ٹھہرتا [illegible] ہے، اس کو سندھ میں اشاعت کی اجازت مرحمت فرما دی جاتی ہے۔ گویا مرکزی حکومت کی [illegible] عائد کردہ اس پابندی کے نفاذ کے بارے میں کوئی مرکزی لائحہ عمل نہیں ہے اور اس طرح یہ [illegible] خطرناک صورتحال پیدا ہو گئی ہے کہ اخبارات کی حد تک ملک چار ایسے حصوں میں منقسم ہو گیا ہے [illegible] جس میں ہر ایک کی اپنی پالیسی ہے۔ ہر ایک کا طریق کار الگ ہے اور وہ ایک دوسرے [illegible] سے صلاح و مشورے اور ربط و ہم آہنگی سے بے نیاز ہو کر کام کر رہے ہیں جس سے اخبارات کا [illegible] قومی کردار متاثر ہو رہا ہے۔

رہی حب الوطنی کی بات تو مدعا جس نے جو یہ کہا ہے کہ سنسر شپ برقرار رکھنے کی [illegible] التجا کرنے والوں کی دیانت اور حب الوطنی شک و شبہ سے بالاتر ہے اس کا مطلب ہم یہ [illegible] سمجھا کہ آپ قومی اخبارات کی دیانت اور حب الوطنی کو مشتبہ سمجھتے ہیں۔ اول تو سنسر شپ [illegible] عائد کرنے کا فیصلہ ہی اخبارات کے خلاف عدم اعتماد کے اظہار کا ایک پیرایہ ہے۔ اس کو [illegible] برقرار رکھنے پر اصرار گویا اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت کی نظر میں برے سے برے کوئی اخبار قابل اعتماد [illegible] نہیں۔ کھرے اور کھوٹے میں کوئی تمیز نہیں کی جائے گی۔ سب کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکا جائے گا۔ [illegible] حالانکہ حکومت کے پاس اس غرض سے اختیار بھی موجود ہے اور قانون بھی کہ جو بد اعمالی اخبار [illegible] ملکی سالمیت، قومی یکجہتی اور اسلامی نظریات کی بیخ کنی کرتے نظر آئیں ان کے خلاف سخت [illegible] کارروائی کی جا سکتی ہے۔ ایسے اخبارات کا جائزہ قانونی کارروائی کے ذریعہ وجود ختم [illegible] کر دیا جائے تو کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہو گا لیکن سنسر شپ کی بدولت وہ اخبارات بھی ناکردہ [illegible] گناہوں کی سزا بھگت رہے ہیں جن کا مثبت کردار ہمیشہ روز روشن کی طرح عیاں رہا ہے۔ یہ کیسی [illegible] ستم ظریفی ہے کہ وہ جنہوں نے اس ملک کی بقا اور سلامتی کے لیے قربانیاں دی ہیں، جنہوں نے [illegible] پاکستان کو حقیقی اسلامی ریاست بنانے کے لیے وقت کے جابروں سے جنگ لڑی ہے، جو [illegible] الحق کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے مالی شکنجوں اور مادی صعوبتوں کو [illegible] خندہ پیشانی سے جھیلتے رہے ہیں ان کی حب الوطنی تو مشکوک و مشتبہ، ان کی اعانت لائے [illegible] اور مشورت تو ناقابل اعتماد اور سنسر کے دفتروں میں بیٹھا ہوا وہ عملہ زیادہ محب وطن، [illegible] زیادہ قابل اعتماد اور صائب الرائے ہے جس کے بیشتر ارکان ان افکار و نظریات سے [illegible] کوئی ذہنی وابستگی نہیں رکھتے جو صدر صاحب کو بہت عزیز ہیں اور جن کی بیخ کنی ہی [illegible] روایت پاکستان کے داخلی مسائل و مصائب کے اسباب میں ایک بڑا سبب ہے۔

جناب صدر کا کہنا ہے کہ وہ مثبت تنقید کے حامی ہیں اور اس کا خیر مقدم [illegible] کرتے ہیں ہم ان کے اس اصول کی تائید کرتے ہیں لیکن ہم گزشتہ سات سے آٹھ سال کے دوران [illegible] یہ گزارش کرتے ہیں اور آج پھر اس کا اعادہ کرتے ہیں کہ سنسر شپ کی موجودگی [illegible] میں مثبت تنقید برداشت کرنے کا قول اعتماد افزا ہرگز نہیں ہے۔ آج اس کی وجہ سے حکومت [illegible]

شب قدر حدیث کی روشنی میں

محمد حسام اللہ شریفی

حضرت عائشہ صدیقہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتی ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ شب قدر کو رمضان کے اخیر عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو (بخاری)

جمہور علماء کے نزدیک اخیر عشرہ اکیسویں رات سے شروع ہوتا ہے اس حساب سے ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷، ۲۹ ویں راتوں میں شب قدر کی تلاش کرنی چاہئیے۔

حضرت عبادۃ بن الصامت روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے تاکہ ہمیں شب قدر سے مطلع فرمائیں لیکن باہر دو مسلمانوں میں جھگڑا ہو رہا تھا حضور نے ارشاد فرمایا کہ میں اس لیے آیا تھا کہ تمہیں شب قدر کی خبر دوں مگر فلاں فلاں شخص کے درمیان جھگڑا ہو رہا تھا جس کی وجہ سے اس کی تعیین اٹھا لی گئی کیا بعید ہے کہ اٹھا لینا اللہ کے علم میں بہتر ہو۔ لہٰذا اب اس رات کو نویں، ساتویں اور پانچویں رات میں تلاش کرو (بخاری)

اس حدیث میں تین مضمون قابل غور ہیں۔ اول سب سے اہم وہ جھگڑا ہے جو اللہ کی نظر میں اس قدر سخت بری چیز ہے کہ اس کی وجہ سے ہمیشہ کے لیے شب قدر کی تعیین اٹھا لی گئی۔ دوسرا امر جو حدیث بالا سے معلوم ہوتا ہے وہ حکمت الٰہی کے سامنے سپردگی اور تسلیم ہے کہ باوجود اس کے کہ شب قدر کی تعیین کا اٹھ جانا صورتاً بہت ہی بڑی چیز کا اٹھ جانا تھا لیکن چونکہ اللہ رب العزت کی طرف سے تھا اس لیے حضور نے ارشاد فرمایا کہ شاید یہی ہمارے لیے بہتر ہو۔ تعیین کی صورت میں اگر کسی شخص سے وہ رات اتفاقاً چھوٹ جاتی تو آئندہ راتوں میں افسردگی وغیرہ کی وجہ سے پھر کسی رات کا بھی جاگنا نصیب نہ ہوتا اور اب رمضان کی ایک دو رات تو کم از کم ہر شخص کو میسر ہو جاتی ہے اگر تعیین کر دی جاتی کہ یہی شب قدر ہے تو پھر اسی کی کوشش کی جاتی۔ تیسرا امر جو اس حدیث پاک سے معلوم ہوتا ہے وہ شب قدر کی تلاش کے لیے تین راتیں ارشاد فرمائی ہیں۔ نویں، ساتویں اور پانچویں۔ دوسری روایات کے ملانے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ یہ تینوں راتیں اخیر عشرہ کی ہیں یعنی ۲۹، ۲۷، ۲۵۔

حضرت عبادۃ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شب قدر کے متعلق سوال کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ رمضان کے اخیر عشرہ کی طاق راتوں میں ہے ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷، ۲۹ یا رمضان کی اخیر رات میں جو شخص ایمان اور خوف آخرت کے ساتھ اس رات میں عبادت کرے اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اس رات کی علامتوں میں سے ایک یہ ہے کہ وہ رات کھلی ہوئی چمکدار ہوتی ہے صاف شفاف نہ زیادہ گرم نہ زیادہ ٹھنڈی بلکہ معتدل گویا اس میں انوار کی کثرت کی وجہ سے چاند کھلا ہوا ہے اس رات میں صبح تک آسمان کے ستارے شیطانوں کو نہیں مارے جاتے نیز اس کی علامتوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس کے بعد صبح کو آفتاب بغیر شعاع کے طلوع ہوتا ہے ایسا بالکل ہموار ٹکیہ کی طرح ہوتا ہے جیسا کہ چودھویں رات کا چاند۔ اللہ جل شانہ نے اس دن کے آفتاب کے طلوع کے وقت شیطان کو اس کے ساتھ نکلنے سے روک دیا ہے بخلاف اور دنوں کے طلوع آفتاب کے وقت شیطان کا اس جگہ ظہور ہوتا ہے۔
(در منثور بحوالہ بیہقی)

حضرت عائشہ صدیقہ نے حضور سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ! اگر مجھے شب قدر کا پتہ چل جائے تو کیا دعا مانگوں؟ حضور نے یہ دعا بتلائی۔
اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ
اے اللہ تو بے شک معاف کرنے والا ہے اور معاف کرنے کو پسند کرتا ہے پس مجھے معاف فرما دے۔ (احمد، ابن ماجہ، ترمذی)

حضرت انس سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رمضان کا مہینہ آیا تو حضور نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے اوپر ایک ایسا مہینہ آیا ہے جس میں ایک رات ایسی ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے جو شخص اس رات کی عبادت سے محروم رہ گیا وہ گویا سارے ہی خیر سے محروم رہ گیا۔ اور اس کی بھلائی سے وہی شخص محروم رہتا ہے جس کے لیے محرومی مقدر ہو چکی ہو۔
(ابن ماجہ)

حقیقتاً اس کی محرومی میں کیا تامل ہو سکتا ہے؟ جو شخص اس قدر بڑی نعمت کو ہاتھ سے کھو دے۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص شب قدر میں ایمان اور خوف آخرت کے خیال سے عبادت کے لیے کھڑا ہو اس کے تمام سابقہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں (بخاری، مسلم)

کھڑا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ نماز ادا کرے اور اسی حکم میں یہ بھی ہے کہ کسی اور عبادت تلاوت یا ذکر وغیرہ میں مشغول ہو۔ ایمان و احتساب کا مطلب یہ ہے کہ ریا وغیرہ کسی دوسری نیت سے عبادت میں مشغول نہ ہو بلکہ اخلاص کے ساتھ محض اللہ کی رضا اور ثواب کے حصول کی نیت سے کھڑا ہو۔ خطابی کے نزدیک اس کا مطلب یہ ہے کہ بشاشت قلب کے ساتھ عبادت کرے بوجھ سمجھ کر بددلی سے نہیں۔

حضرت انس سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ شب قدر میں حضرت جبرئیل علیہ السلام ملائکہ کی ایک جماعت کے ساتھ اترتے ہیں اور اس شخص کے لیے جو کھڑے یا بیٹھے اللہ کا ذکر کر رہا ہے اور اس کی عبادت میں لگا ہوا ہے دعائے رحمت کرتے ہیں اور جب عید الفطر کا دن آتا ہے تو اللہ رب العزت اپنے فرشتوں کے سامنے بندوں کی عبادت پر فخر کرتا ہے (اس لیے کہ انہوں نے آدم کی تخلیق پر اعتراض کیا تھا) اور ان سے دریافت فرماتا ہے کہ اے فرشتو! اس مزدور کا اجر کیا ہے جو اپنی خدمت پوری پوری ادا کر دے؟ وہ عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب اس کا اجر یہی ہے کہ اس کی اجرت پوری دے دی جائے۔ تو ارشاد ہوتا ہے کہ فرشتو! میرے غلاموں اور باندیوں نے میرے فریضہ کو پورا کر دیا پھر دعا کے ساتھ چلاتے ہوئے عید گاہ کی طرف نکلے ہیں میری عزت و جلال کی قسم میری بخشش اور میری بلند شان کی قسم میں ان لوگوں کی دعا ضرور قبول کروں گا۔ پھر ان لوگوں کو خطاب فرما کر ارشاد ہوتا ہے کہ جاؤ تمہارے گناہ معاف کر دیئے ہیں اور تمہاری برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیا ہے۔ پس یہ لوگ عید گاہ سے ایسے حال میں لوٹتے ہیں کہ ان کے گناہ معاف ہو چکے ہوتے ہیں (بیہقی)

اور اہل وطن ان ناپسندیدہ حقائق سے بے خبر ہوتے چلے جا رہے ہیں جن کا ظاہر انجام بلا شبہ ملک و ملت کی سلامتی کی ضمانت نہیں ہو سکتا ہے۔ صدر ضیاء الحق نے اپنی مذکورہ تقریر کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے سنسر شپ کے اٹھ نہ سکنے کا مذکورہ بالا اعلان کیا ہے اتفاق سے اسی تقریر میں انہوں نے ایک اہم اخلاقی مسئلہ کی نشاندہی [illegible]

کی ہے جو درحقیقت اخبارات و جرائد پر سنسر شپ اور سنسر کے عملے کی ناعاقبت اندیشی کا شاخسانہ ہی کا نتیجہ ہے۔ صدر نے فرمایا ہے کہ ہمارے ہاں بعض لوگ جن میں نوجوان بھی شامل ہیں، غیر اسلامی نظریات کی طرف راغب ہیں۔ ان کی وفاداریاں اسلام اور نظریہ اسلام کے بجائے کہیں اور ہیں۔ صدر نے امید ظاہر کی ہے کہ ان کو صحیح راہ دکھانے اور راہ راست پر لانے میں اساتذہ، والدین اور ابلاغ عامہ کے ذرائع نہایت مفید کردار ادا کر سکتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ابلاغ عامہ کے ذرائع کو ان عناصر کی کارستانیوں اور ان کے عزائم کو سربستہ اور بے پردہ اٹھانے کی اجازت نہیں جو خود ان لوگوں کو اسلام سے برگشتہ کرنے میں شب و روز مصروف ہیں تو وہ یہ مطلوبہ کردار کیسے ادا کر سکتے ہیں؟ صورت حال یہ ہے کہ فحاشی اور عریانی کے مظاہر تو سنسر کی چھلنی میں سے صاف گزر جاتے ہیں لیکن اسلام کے نظام اخلاق و معاشرت پر حملہ کرنے والوں کی کمین گاہوں کی نشاندہی کوئی اخبار کر بیٹھے تو سیاسی جماعتوں پر پابندی کا بہانہ بنا کر اس کا منہ بند کر دیا جاتا ہے۔

صدر ضیاء الحق کو خود اندازہ ہو گا کہ وہ اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے وقتاً فوقتاً جو پالیسیاں تشکیل دیتے ہیں وہ عملدرآمد کے مراحل سے نہیں گزر پاتیں۔

اب اگر کوئی اخبار اپنی خیر خواہی کے ساتھ ان رخنوں اور رکاوٹوں کی نشاندہی کرے جو ان معاملات میں قصداً پیدا کی جاتی ہیں تو سنسر شپ کا عملہ متعلقہ اداروں اور افراد کو تحفظ مہیا کرنے کے لیے مستعد ہوتا ہے، پھر بھی وہ محب وطن ہیں اور اخبارات محب وطن نہیں۔

بشکریہ جسارت کراچی

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

جھوٹی گواہی شرک کے برابر کر دی گئی ہے، اللہ تعالیٰ نے سورہ الحج میں فرمایا ہے کہ بتوں کی گندگی سے بچو، اور جھوٹی گواہی سے بچو۔

غیر قانونی طور پر مقیم بھارتی باشندوں کو نکل جانے کا حکم

کراچی میں خاصی بڑی تعداد میں بھارتی باشندے مقیم ہیں تمام تھانوں کو ایسے لوگوں کا کھوج لگانے اور انھیں گرفتار کر لینے کی ہدایات جاری کر دی گئیں' غیر قانونی قیام کے خلاف سخت کارروائی

بھارتی باشندوں کو ہوم ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ قائم کرنے کی ہدایت

صوبائی ہوم سیکریٹری کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا فیصلہ

[illegible]

افغان مہاجرین اور افغانستان کے عوام کیلئے لندن میں امدادی ادارے کا قیام

خوراک اور دواؤں کی شدید ضرورت ہے۔ ادارہ امداد کا سامان جمع کرے گا

[illegible]

وزارت اطلاعات صدر نے خود سنبھال لی

جنرل شاہد حامد ثقافت و سیاحت کے وزیر ہوں گے

محمد علی ہوتی صرف تعلیم کے وزیر رہیں گے

[illegible]

راجیو نے ملازمت سے استعفیٰ دے دیا!

[illegible]

[illegible]





آئندہ ۶ ماہ اندرا گاندھی پر بہت بھاری گذریں گے

وہ سنجے کی موت کا صدمہ برداشت نہ کر سکیں گی

ان جوتشیوں کی پیشگوئی جو سنجے کی موت کی پیشگوئی کر چکے تھے

[illegible]

آپ بڑے بڑے دن دیکھ رہے ہیں

روسی فوجی کو بیوی کا دردناک خط

[illegible]

مدینہ منورہ میں پی آئی اے کا آفس

[illegible]

بیس سال میں پاکستان کی آبادی دوگنی ہو جائیگی

[illegible]



پاکستان کی نامور اداکارہ شبنم ... [illegible]

سہ روزہ دعوت دہلی کا اداریہ:

اسرائیل، عرب اور ہندوستان

اسرائیلی لیڈر برابر ہندوستان آتے رہے ہیں جبکہ میزبانی کا شرف نہرو اور اندرا حکومتوں کو حاصل رہا

مشرقی یورپ کے بیشتر ممالک میں مسلمان منظم ہو کر ابھر رہے ہیں

تلخیص و ترجمہ: محمد بدر منیر

البانیہ مسلم اکثریت کا ملک ہے لیکن وہاں کی کمیونسٹ حکومت نے سب سے زیادہ نقصان اسلام کو پہنچایا

مشرقی یورپ میں مسلمانوں کی عددی قوت

موجودہ صورت حال

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

[illegible] سنہ ۱۴۰۳ھ | یکم اگست ۱۹۸۳ء

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد: ۹ | شمارہ: ۱۰

سنسر برقرار رہے گا نرمی کا کوئی ارادہ نہیں ضیاء

متعدد افراد نے موجودہ صورت حال برقرار رکھنے کی درخواست کی ہے بعض حضرات نے تو التجا کی ہے کہ سنسر شپ میں نرمی نہ کی جائے ان کی دیانت اور حب الوطنی کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا میں مثبت تنقید کا حامی ہوں

نئی وفاقی کابینہ کی تشکیل میں کچھ تاخیر ہوگی ، فی الحال یہ کہنا مشکل ہے کہ توسیع کب ہوگی اور وزراء کب حلف اٹھائیں گے ، وفاقی کونسل کی تشکیل کابینہ میں توسیع کے بعد ہوگی

اخبارات فضا کو بدی سے پاک رکھنے میں مدد دیں

سنسر اٹھانے کے بارے میں تمام قیاس آرائیاں ختم کر دی جائیں ۔ یہ مجھے پسند نہیں

[illegible]

بھارت بنگلہ دیش کا دوست نہیں بن سکتا اس نے کبھی وفا نہیں کی خوندکر مشتاق

اس نے جاسے دو جزیروں پر قبضہ کر رکھا ہے ۔ اس کی فوجیں اشتعال انگیز طور پر ہماری سرحدوں پر جمع ہو رہی ہیں ، ڈھاکہ میں جلسہ عام سے خطاب

تریپورہ اور آسام میں سیکڑوں مسلمان شہید کیے جا چکے ہیں

حکومت خاموش ہے ۔ اس سے زیادہ بھارت کے نارواضی کا خوف ہے

ملک میں عام انتخابات کرائے جائیں ، منافقت ترک کر کے اسلام سے وفاداری کا اعلان کیا جائے

[illegible]

امریکہ میں مقیم پاکستانی اپنی لابی بنائیں معظم علی

اسرائیلی، بھارتی اور یونانی حلقے اپنے مفادات کے لیے سرگرم ہیں

صدارتی مشیر سے پاکستانی ڈاکٹروں اور طلبہ کی ملاقاتیں

[illegible]

عراقی بعث پارٹی عرب قوم پرستی

کیلئے کام کر رہی ہے صدر صدام حسین

[illegible]

قطب شمالی کے علاقوں میں نماز اور سحری و افطار کے اوقات

مقرر کر دیئے گئے

[illegible]